# 22486 ـ اگر کسی کی نماز جنازہ کی تکبریں فوت ہو جائیں تو وہ کیا کرے

**سوال**

جس کی نماز جنازہ کی تکبیریں یا ایک تکبیر فوت ہو جائے تو کیا وہ اس کی قضا کرے گا؟
اور وہ نماز جنازہ میں امام کے ساتھ کیسے ملے گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جہاں سے نماز جنازہ پائے وہ امام کے ساتھ مل جائے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو نماز تم پاؤ اسے ادا کرلو، اور جو فوت ہو جائے اسے پورا کر لیا کرو"

اور جب امام سلام پھیرے تو جو فوت ہو چکا ہو اور جنازہ پڑھا ہو اور اسے اٹھایا نہ گیا ہو تو نماز جنازہ سے جو باقی رہا تھا اسے پورا کر لے، لیکن اگر اسے خدشہ ہو کہ جنازہ اٹھا لیا جائے گا، تو ہمارے فقہاء رحمہم اللہ کہتے ہیں:

اسے پوار کرنے یا تکبیر کی متابعت کرتے ہوئے امام کے ساتھ سلام پھیرنے کا اختیار حاصل ہے.